**Inam / Sadiq**

**31-12-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں................ آسیہ میمونہ

..........................................................

☆ سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے SpaDex مشن ، کامیابی کے ساتھ خلاء میں بھیجے جانے پر ISRO کے سائنسدانوں کی تعریف کی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ Quad ، بھارت بحرالکاہل خطے میں استحکام ، ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک طاقت ہے۔

☆ حکومت نے یمن میں بھارتی نرس کو سنائی گئی سزائے موت کے معاملے میں اُن کی ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

☆ ملک بھر کے عوام نئے سال 2025 کے خیر مقدم کیلئے پُرجوش ہیں۔ پولیس نے پُرامن تقریبات کے انعقاد کیلئے سیکیورٹی اقدامات میں اضافہ کیا ہے۔

☆ اور آج راوڑ کیلا میں ، ہاکی انڈیا لیگ میں دلّی SG Pipers کا مقابلہ حیدرآباد طوفان سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

..............................................

**Jitendar Singh**

وزیراعظم کے دفتر اور نیوکلیائی توانائی اور خلاء کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ سال 2024 بھارتی خلائی شعبے کے لیے ایک اہم سال رہا ہے۔ آج دوپہر نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اِس سال کا پہلا دِن XPOSAT کو خلاء میں بھیجے جانے سے شروع ہوا تھا، اِس کے بعد آدتیہ ایل وَن مشن کو اُس کے مدار میں بھیجا گیا۔ ملک نے اگست میں خلاء کے پہلے قومی دِن کی تقریبات منائی اور کل SpaDex مشن کو اِسرو نے خلاء میں بھیجا۔ انھوں نے کہا کہ اِس دوران گگن یان کیلئے بہت سے تجربات کیے گئے، جو ابھی منصوبے میں شامل ہیں۔

**ISRO-Spadex Launch**

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے ISRO نے کل رات، خلاء میں Docking تجربے سے متعلق مشن، Spadex کو کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔ سری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے کل رات اِسرو کے PSLV-C60 راکٹ کے ذریعے اِس مشن کو خلاء میں بھیجا گیا۔ اس نے کامیابی کے ساتھ دو سیارچوں SDX01، جس کو Chaser کا نام دیا گیا ہے اور SDX02، جس کو ٹارگیٹ کا بھی نام دیا گیا ہے، کو اپنے لانچ کے فوراً بعد کرۂ ارض کے نچلے مدار میں تعینات کیا۔ دونوں سیارچوں کو اگلے 10 دن کے دوران خلاء میں Docking کے تجربے کو حاصل کرنے کیلئے تعینات کیا جائے گا۔ Docking تجربے سے متعلق مشن، Spadex کا مقصد اعلیٰ ترین خلائی Docking ٹیکنالوجی کا مظاہرہ کرنا ہے، جوکہ مستقبل کے مشن، بشمول چاند کے مشن اور بھارتیہ انترکش اسٹیشن کیلئے ایک اہم صلاحیت ثابت ہوگی۔ اس مشن کی کامیابی سے اِسرو کو خلاء میں پیچیدہ عمل کو انجام دینے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور مستقبل کے بین سیارچہ مشنوں کیلئے ایک بنیاد تیار ہوگی۔اس کے کامیاب لانچ کے بعد اِسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ نے مطلع کیا کہ دونوں سٹیلائٹ کے پینل کامیابی کے ساتھ تعینات کئے گئے ہیں۔ ×

### Quad 20th Anniversary

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ Quad ، بھارت - بحرالکاہل خطے میں استحکام ، ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک اہم طاقت ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے، آسٹریلیا کے وزیر خارجہ تاکیشی اِوایا اور امریکی وزیرِ خارجہ اینٹنی بلنکن کے ساتھ مل کر خطے کی ضروریات کو پورا کرنے کے عزم کو دوہرایا ہے۔ Quad کے 20 سال پورے ہونے کے موقع پر Quad وزرائے خارجہ کے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کسی قدرتی آفت سے نمٹنے کیلئے ، جو کچھ ایمرجنسی کارروائی کے طور پر شروع کیا گیا تھا، وہ اب پوری طرح شراکت داری میں بدل گیا ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اب Quad ممالک بھارت - بحرالکاہل میں مل کر کام کررہے ہیں۔ بیان میں پیچیدہ چیلنجوں سے نمٹنے کی بات بھی کہی گئی ہے۔ اِن چیلنجوں کا تعلق آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام ، کینسر اور وبائی بیماریوں سے نمٹنے سے لے کر کوالٹی بنیادی ڈھانچے ، دہشت گردی کی روک تھام کی کوششوں اور سائبر سکیورٹی تک کے معاملات شامل ہیں۔ x

### MEA - Yemen Priya

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ حکومت Nimisha Priya کو ، یمن حکومت کی طرف سے سزائے موت سنائے جانے کے معاملے میں ، اُس کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ Nimisha ایک بھارتی نرس ہے اور وہ یمن میں رہ رہی ہیں۔ اِس کیس سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ حکومت ، یمن کے اِس واقعے سے واقف ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزارت یہ سمجھتی ہے کہ محترمہ Priya کا کنبہ مدد کیلئے دیگر متبادل بھی تلاش کررہا ہے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق Priya کا تعلق کیرالہ سے ہے اور وہ یمن میں قتل کے ایک کیس میں مجرم گردانی گئی ہیں۔ x

### Traffic Advisory - New Year

دلّی پولیس نے قومی راجدھانی میں نئے سال کی تقریبات کے دوران لوگوں کی حفاظت کیلئے سکیورٹی کے وافر انتظامات کئے ہیں۔
دلّی ٹریفک پولیس کے ایڈیشنل کمشنر دِنیش کمار گپتا نے کہا ہے کہ کناٹ پلیس کے علاقے میں نئے سال کی تقریبات ختم ہونے تک رات 8 بجے سے سبھی پرائیویٹ اور سرکاری گاڑیوں کی آمد و رفت بند رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اِن تقریبات کے پیش نظر نئی دلّی ، انڈیا گیٹ اور اُس کے آس پاس کی جگہوں پر پولیس وافر طریقے سے موجود رہے گی۔ اسی دوران دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے کہا ہے کہ نئے سال سے قبل شام، لوگوں کی حفاظت کیلئے، راجیو چوک میٹرو اسٹیشن سے رات 9 بجے سے باہر آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔تاہم، آج راجیو چوک میٹرو اسٹیشن سے آخری ٹرین کی روانگی سے پہلے تک مسافروں کو داخلے کی اجازت ہوگی۔ اِس کے علاوہ شام آٹھ بجے کے بعد سے راجیو چوک میٹرو اسٹیشن پہنچنے کے لیے ڈی ایم آر سی موبائل ایپ کے ذریعہ بھی کیو آر ٹکٹس حاصل نہیں کیے جاسکیں گے۔ اِس کے علاوہ میٹرو کے تمام تر نیٹ ورک پر ٹرین ٹائم ٹیبل کے حساب سے چلیں گی۔

### Mumbai New Year

جیسا کہ آج شام سے نئے سال کی تقریبات شروع ہونے والی ہیں، ممبئی اور نوی ممبئی پولیس بغیر کسی ناخوشگوار واقعہ کے پرامن طریقے سے مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے لیے ہر طرح سے تیار ہے۔ نوی ممبئی کے پولیس کمشنر ملند بھامرے نے کہا کہ ہرشہری کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا جائے گا اور لوگوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ نئے سال کے جشن کے دوران پوری ذمہ داری اور احتیاط سے کام لیں۔انھوں نے کہا کہ 15 ہزار اہلکاروں کو خصوصی یونٹس کے ساتھ تعینات کیا گیا ہے، جس میں شراب پی کر گاڑی چلانے سمیت خواتین کے خلاف جرائم، امن وقانون اور ٹریفک ضابطوں کی خلاف ورزی سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

**Year Ender MHA**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ سال کے آخر میں اپنی خصوصی سیریز کے تحت 2024 کی کچھ جھلکیاں پیش کر رہا ہے۔ اِس سال وزارت داخلہ کی بہت سی قابلِ ذکر حصولیابیاں رہیں۔ وزارت داخلہ نے"سبھی کے لیے انصاف کی آسان رسائی" کو یقینی بنانے کے لیے تاریخی اصلاحات سے متعلق اقدام اور وزیراعظم نریندرمودی کے نظریئے کے مطابق ایک محفوظ بھارت کی تعمیر کی ہے۔ اِس سال وزارت نے تین نئے فوجداری قوانین متعارف کرائے جن میں- بھارتیہ نیائے سنہیتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہیتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھنیم شامل ہیں۔ اِن قوانین کے موَثر نفاذ کے لیے وزارت داخلہ نے چنڈی گڑھ میں اِی - شاکشیہ، نیائے سیتو، نیائے شروتی اور اِی سمّن ایپ کا آغاز کیا۔ شہریت ترمیمی بل جو مارچ میں نافذ کیا گیا تھا،پاکستان، افغانستان اور بنگلہ دیش کے ہندو، سِکھ، جین، بودھ، پارسی اور عیسائی برادری سے تعلق رکھنے والے اقلیتی افراد کو شہریت فراہم کرتا ہے۔مودی حکومت کثیر رُخی اقدامات کے ذریعہ دہشت گردی سے پاک جموں وکشمیر ریاست بنانا چاہتی ہے۔ x

**Delhi BJP - AAP - Cong**

دلّی میں اسمبلی انتخابات سے پہلے سیاسی لڑائی میں شدت آ گئی ہے۔ BJP نے، عام آدمی پارٹی سرکار پر نشانہ سادھتے ہوئے، پوسٹرز چسپاں کئے ہیں۔ یہ پوسٹر دلّی BJP دفتر کے باہر چسپاں کئے گئے ہیں، جن میں شہر میں عام آدمی پارٹی پر بدعنوانی اور خراب حکمرانی کا الزام لگایا گیا ہے۔ BJP نے دلّی میں فضائی آلودگی ،صحت سہولیات کا مبینہ طور پر پوری طرح دستیاب نہ ہونے، پانی کی پریشانی اور دیگر معاملات پر بھی برسراقتدار پارٹی کی نکتہ چینی کی ہے۔ اِسی دوران BJP ترجمان گورو بھاٹیا نے ، انسانی حقوق کے قومی کمیشن کی طرف سے، سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' کو، عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال اور وزیر اعلیٰ کی ایک پوسٹ کو ہٹانے کی ہدایت دیئے جانے کے بعد، عام آدمی پارٹی پر نکتہ چینی کی ہے، جس میں بچوں کو ، سیاسی مہم میں حصہ لیتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ نئی دلّی میں جناب گورو بھاٹیا نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے، الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی کے رہنما اپنی سیاست کیلئے بچوں کا استعمال کررہے ہیں۔

***SB-Gaurav Bhatia***

کانگریس بھی دلّی میں عام آدمی پارٹی کی حکمرانی کے معاملے پر لگاتار انگلی اٹھا رہی ہے۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، سینئر پارٹی رہنما سندیپ دیکشت نے عام آدمی پارٹی پر یمنا ندی کی صفائی کے ، اُس کے وعدے پر نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دلّی سرکار کی اسکیموں کے بارے میں، بھارت کے کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل کی رپورٹ ، دلّی اسمبلی میں پیش کی جائے ۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جناب کیجریوال نے دلّی کے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا۔ x

**Fake Drug Seized**

صحت کی مرکزی وزارت نے مغربی بنگال کے شہر کولکاتہ میں نقلی دواؤں کی روک تھام کیلئے فوری کارروائی کرتے ہوئے، چھ کروڑ 60 لاکھ روپے مالیت کی دوائیں ضبط کی ہیں۔ دواؤں کے معیار کو کنٹرول کرنے کی مرکزی تنظیم CDSCO اور ڈرگس کنٹرول ڈائریکٹوریٹ نے کولکاتہ میں مشترکہ طور پر چھاپے مارے۔ اس کارروائی کے دوران نقلی دواؤں کو ضبط اور ملزموں کو گرفتار کیا گیا۔ ضبط کی گئیں اِن تمام دواؤں کا تعلق کینسر ، ذیابیطس اور دیگر ایسے علاج سے ہے، جس پر زیادہ خرچ آتا ہے۔ CDSCO نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اِن سبھی دواؤں پر مختلف ملکوں میں تیار کئے جانے کا لیبل لگا ہوا تھا، جن میں آئر لینڈ، ترکی، امریکہ اور بنگلہ دیش شامل ہیں۔ x

**IMD Weather**

متعدد ریاستوں میں درجۂ حرارت کے مزید گرنے کے ساتھ ساتھ شمالی بھارت میں شدید سردی جاری ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** کے مطابق اگلے دو دن میں جموںکشمیر، ہماچل پردیش، اترپردیش اور مدھیہ پردیش میں شدید سردی جاری رہے گی۔ محکمہ نے ہریانہ اور پنجاب میں آج اور مغربی اترپردیش اور مدھیہ پردیش میں کل تک شدید سردی جاری رہے گی۔قومی راجدھانی خطے اور اس سے ملحقہ علاقوں میں بھی شدید سردی جاری ہے۔**x**

**Hockey India League**

ہاکی انڈیا لیگ میںکل رات یو پی رُدراس نے دفاعی چیمپئن کالنگا **Lancers** پر تین - ایک کی جیت حاصل کی۔ یو پی رُدراس کے کپتان **James Mazarels** کو شاندار کارکردگی کیلئے **Player of the Match** سے نوازا گیا۔ اس جیت کے ساتھ رُدراس - ایچ آئی ایل **2024-25** کی فہرست میں سب سے اوپر پہنچ گئے ، جبکہ **Lancers** سب سے نچلی سطح پر ہیں۔ آج راوڑ کیلا میں **SG Pipers** کا مقابلہ حیدرآباد طوفان سے ہوگا ۔ میچ کا آغاز شام **8** بجکر پندرہ منٹ پر ہوگا۔ **x**